مئی 2018	M.Ed Regular (ایم۔ایڈ (ریگولر	IV Semester چوتھا سمسٹر

پرچہ : ....

Paper - MMED431DST : Specialization - V : Elementary Education

Educational Administration, Management and Leadership

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time	Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃ ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر: 1 مندرجہ ذیل سوالات صحیح اور غلط بیانات پر مبنی ہیں، جنکے جواب TRUE اور FALSE لکھ کر دیں۔

(i) CABE کا فل فارم Central Advisory Board of Educators ہے۔ ( )

(ii) National University of Educational Planing & Administration کا پرانا نام National Institution of Educational Planing & Administration تھا۔ ( )

(iii) اسکول پرنسپل کا ایک اہم کام اساتذہ کو کمرہ جماعت میں ہدایت دینا ہے۔ ( )

(iv) قلیل ترین سطح اکتساب (Minimum Level of Learning)، ابتدائی تعلیم کی عالمگیریت (UEE) کا ایک جز ہے۔ ( )

(v) شکایت (Grievance) کا تعلق ادارے میں ملازم (Employee) اور مالک (Employer) کے درمیان تنازع سے ہے۔ ( )

(vi) درسیاتی نقشہ (Curiculam Mapping)، منصوبہ سبق (Lesson Plan) کا ایک اہم جز ہے۔ ( )

(vii) ملازمت تجزیہ (Job Analysis) میں ملازمت وضاحت (Job Description) اور ملازمت خصوصیت (Job Specification) دونوں شامل ہیں۔ ( )

(viii) تعلیم کو آئین کے 42 ویں ترمیم کے ذریعے 1978 میں Concurrent List میں ڈالا گیا۔ ( )

(ix) کایاپلٹ قائد (Transformational Leaders) قدامت پسندی کو فروغ دیتے ہیں۔ ( )

(x) قیادت (Leader Ship) کے اصول x (Theory x) کے مطابق انسان فطرتاً کاہل اور کام چور ہوتا ہے۔ ( )

P.T.O.

حصہ دوم

2. تعلیمی انصرام وانتظامیہ (Educational Managment and Administration) کے وسعت (Scope) پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔
3. انسانی رشتے (Human Relations) کو انصرامی عمل (Managment Process) کے ایک اہم جز کے طور پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔
4. ابتدائی تعلیم کے انتظام میں مرکزی حکومت کے کردار کا تاریخی جائزہ لیجیے۔
5. طلبہ کے ذریعہ اساتذہ کی کارکردگی کا ایک معیاری تخمینہ (Model Teachers Performance Appraisal) تیار کریں۔
6. استبدادی (Autocratic) اور جمہوری (Democratic) قیادت (Leadership) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔
7. فیصلہ سازی (Decision Making) کو اثر انداز (Influence) کرنے والے وجوہات پر روشنی ڈالیے۔
8. شکایت (Grievance) کی تعریف کیجیے۔ کسی بھی تعلیمی ادارے میں شکایت (Grievance) کے کیا وجوہات ہوتے ہیں۔
9. روایتی اسکول معائنہ (Traditional School Inspection) اور جدید اسکول نگرانی (Mordern School Supervision) کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

حصہ سوم

10. اسکول کے مثبت ماحول سازی میں پرنسپل کے کردار کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔
11. ابتدائی تعلیم سے منسلک ہندوستان میں انتظامیہ کے مختلف ایجنسیوں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔
12. کایہ پلٹ (Transformational Leadership) قیادت سے کیا مراد ہے؟ تعلیمی انصرام (Educational Managment) کے میدان میں اس کی اہمیت واضح کریں۔
13. درسیات کے انصرام (Curriculam Managment) میں ایجادی پہلوں (Innovative Aspetcts) کا ابتدائی اسکول کے حوالے سے مثالوں کے ذریعہ روشنی ڈالیے۔
14. ملک میں مڈ ڈے میل (Mid Day Meal) پروگرام سے منسلک انتظامی مسائل کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔